## سوال

(515)ہر فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا کیسا ہے ؟

## جواب

*السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ*

کیا ہر فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی جائے گی ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*

*الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!*

فرض نماز کے بعد دعاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے قولاً بھی اور عملاً بھی ۔ البتہ فرض نماز کے بعد دعاء میں ہاتھ اٹھانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ۔ اس موضوع پر مولانا محمد صفدر صاحب عثمانی حفظہ اللہ تعالیٰ کے رسالہ کا مطالعہ مفید رہے گا ۔ رہی آپ کی درج کردہ نماز ادھوری والی روایت تو وہ کمزور ہے ایسے ہی (( الدعاء مخ العبادة )) والی روایت بھی کمزور ہے ۔ باقی حدیث (( إِنَّ الدُّعَاءَ هُوَالْعِبَادَةُ )) ( صحيح بخاري )اور حدیث ’’ نماز کے بعد دعاء قبول ہوتی ہے ۔ ‘‘صحیح حدیثیں ہیں اوران کے مضمون میں کوئی نزاع نہیں، کیونکہ دعاء عبادت ہے اور فرض نماز کے بعد قبولیتِ دعاء کا وقت بھی ہے ۔ جوچیز فرض نماز کے بعد ثابت نہیں، وہ ہاتھ اٹھانا ہے نہ کہ دعاء کرنا ۔ واللہ اعلم ۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

## [کتاب الصلاۃ جلد 1]

# محدث فتویٰ